لیول 1

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

ترتیب جدید و تدوین

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

لیول 1

ترتیب جدید و تدوین
مفتی ابولبابہ شاہ منصورؒ

قرآنی عربی سیکھیئے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

کتاب ------------ قرآنی عربی سیکھیئے!

ترتیب جدید و تدوین ---------- مفتی ابولبابہ شاہ منصور

طبع اوّل ----- رمضان المبارک 1432ھ - 2011ء

پاکستان کے تمام مشہور کتب خانوں سے دستیاب ہے

ناشر

فہرست

مقدمہ وتعارف

قرآن شریف کی بارگاہ میں

اس کورس میں کیا کچھ ہے؟ یہ تو آپ کو حضرت شیخوپوری صاحب کے مضمون سے پتا چل جائے گا۔ میں یہاں صرف چند باتیں کہنا چاہتا ہوں:

یہ کورس از ابتدا تا انتہا اس عاجز کا وضع کردہ نہیں ہے۔ ابتدا تو اس کی سعودی عرب، بھارت اور اسلام آباد سے ہوئی، اور جب احقر نے اسے اپنے طور پر پاکستانی طلبہ اور عوام کے مزاج کے مطابق ڈھالنا چاہا تو انتہا تک میرا ساتھ ان عزیز طلبہ نے دیا جو تخصص فی الافتاء والفقہ 1432ھ میں شریک تھے، بالخصوص (حروف تہجی کی ترتیب سے) حامد شیر، خلیق احمد، رشید احمد، ضیاء اللہ اور عمیر کرامت۔ ان پانچوں ساتھیوں نے اسباق ترتیب دینے اور مثالیں نکالنے سے لے کر کمپوزنگ اور ڈیزائننگ تک بھرپور ساتھ دیا جس کے نتیجے میں مہینے بھر میں یہ پورا کورس ایک نئی اور آبدار وتابدار شکل میں ڈھل گیا۔ محتاط اندازے کے مطابق پہلے دو لیول کا نصف سے زیادہ حصہ اضافات وترمیمات پر مشتمل ہے جبکہ تیسرا لیول خالص اختراعی اور از قسم ایجادِ بندہ ہے۔ اس کا اس کورس میں پہلے سے وجود نہ تھا۔

۲۔ اس کورس کی تیاری کے ساتھ اسے تجرباتی تدریسی مرحلے سے بھی بار بار گزارا گیا۔ ناظرہ، حفظ، حفاظ، درجہ اولیٰ کے طلبہ، فضلائے کرام اور اسکول وکالج کے بچوں، کالج کے نوجوانوں غرض مختلف سطحوں پر اسے آزمایا گیا، ساتھ ہی فضلائے کرام، ائمہ مساجد اور مدرسین حضرات کو اسے پڑھانے کی تربیت بھی دی جاتی رہی۔ ان دونوں طرح کے تجربات کے دوران سامنے آنے والی تجاویز اور مشوروں کی روشنی میں اس کا سانچہ وڈھانچہ ایسا رکھا گیا کہ یہ سب کے لیے یکساں کارآمد ہو۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ الحمدللہ ثم الحمدللہ ایسا ہی ہوا۔ یہ بیک وقت چار مختلف سطح کے مبتدیوں کے لیے کارآمد ہے۔ تعلیمی نفسیات کی رو سے اس کی دوسری وجہ تو وہ ہے جو اگلے نمبر میں آرہی ہے۔ پہلی وجہ یہ رہی کہ یہ کورس در اصل ''صاف تختی'' یا ''مبتدی محض'' کے لیے تیار کیا گیا ہے، چاہے وہ بالغ ہو یا نابالغ، مدرسہ سے تعلق رکھتا ہو یا اسکول

سے۔قرآن شریف کی بارگاہ میں جو بھی خلوصِ نیت کے ساتھ حاضری دے، اللہ کی شان کہ قرآن کریم اسے محروم نہیں لوٹا تا۔تجربہ شرط اور آزمائش تصدیق نامہ ہے۔ان شاء اللہ!

۳۔اس کورس کی تدوین اور تزئین میں ان تمام تعلیمی اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے جو انسانی ذہن کو متوجہ کرتی اور اس میں کوئی چیز نقش کیے جانے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔مثلاً کسی چیز کو ایک مرتبہ پڑھنے کے دوران چھ مرتبہ پڑھنا (اس کا مطلب شیخوپوری صاحب کے مضمون میں آرہا ہے) تمام حواس اور پورے وجود کا استعمال، آسان تعبیرات اور صرف اور صرف قرآنی مثالیں، رنگوں، شکلوں اور ذہن میں بجلیاں چمکانے والے مختلف اور متنوع ذرائع کا بھرپور استعمال، فن شماریات سے استفادہ، ہر سبق کے شروع میں پچھلے سبق کا اعادہ اور ہر سبق کے آخر میں اس کا مختلف صورتوں میں اجراء، ہر سبق کے بعد خود تشخیصی جائزہ اور ہر لیول کے اختتام پر خود تشخیصی امتحان، وغیرہ وغیرہ۔

۴۔جیسا کہ کورس میں وضاحت کردی گئی ہے۔اس کے تین لیول ہیں۔پہلا اور دوسرا قواعد (صرف نحو: گرائمر) پر مشتمل ہے۔پہلے میں ابتدائی درجہ کی گرامر ہے دوسرے میں نسبتاً اعلیٰ درجے کے۔پہلے لیول کے اختتام پر نماز کا سبق اور دس سورتیں ''تقطیعی ترجمہ'' اور نظریہ ساز ہدایات کے ساتھ دی گئی ہیں۔آپ دیکھیں گے کہ پہلے لیول کے اختتام پر تمام بچے اور نمازی از خود ان کا ترجمہ و مفہوم سمجھ رہے ہوں گے۔بس تربیتی اور ذہن سازی کا کام رہ جائے گا جو مدرسین اور ائمہ حضرات بخوبی کرسکتے ہیں۔

تیسرا لیول ''الفاظ القرآن'' یعنی ذخیرۂ الفاظ (وکیبلری) پر مشتمل ہے۔یہ درحقیقت ایک مستقل کتاب یا ''قاموس القرآن'' ہے۔اس میں 95 فیصد کے لگ بھگ قرآنی الفاظ (اسماء، افعال، حروف) بھی ہیں اور قرآنی مثالوں کے ذریعے پہلے دو لیول میں پڑھے گئے قواعد کے بھرپور اجرا کا اہتمام بھی ہے۔اس طرح ان شاء اللہ امید کی جاسکتی ہے کہ یہ کورس کافی شافی حد تک جامع ہوگیا ہے۔اس حوالے سے قارئین کی آرا اور تجاویز کا انتظار رہے گا۔

۵۔اس کورس کو دو سطحوں پر تو بہت اہتمام اور توجہ سے شروع کردینا چاہیے۔اگر پہلی سطح پر محنت کی گئی تو آئندہ کوئی یہ نہ کہے گا کہ مدارسِ عربیہ میں عربی یا ترجمۂ قرآن کا ذوق وشوق نہیں پایا جاتا۔دوسری سطح پر لگ کر کام کیا گیا تو یہ شکوہ آپ نہیں سنیں گے کہ علمائے کرام عوام کی تربیت کے لیے وقت نہیں دیتے۔یہ کام اسکالروں، اینکر پرسنوں پر چھوڑ رکھا ہے۔پہلی سطح مکاتب میں حفظ وناظرہ کی ہے۔20 سے 25 بچوں پر مشتمل ناظرہ کی جماعت کے لیے دو گھنٹے قاعدہ وناظرہ بہت ہیں۔اس کے بعد ایک گھنٹہ قواعد اور ایک گھنٹہ الفاظ پڑھائے جائیں تو سال بھر میں اس کے تین

لیول اعادے اور اجرا کے ساتھ پورے کروائے جاسکتے ہیں۔ حفظ میں بیس منٹ یومیہ کافی ہیں۔ ایک بچہ دو سے تین سال تو حفظ و گردان کے لیے لیتا ہے۔ اس طرح بآسانی تینوں لیول اتنے ہی وقت میں مکمل کرسکتا ہے۔ پورے پاکستان میں کوئی شخص دیندار ہو یا دنیادار، اپنے بچوں کو قرآن شریف تو پڑھواتا ہی ہے، اگر اس دوران اسے قرآن کے مبارک الفاظ کے ساتھ متبرک معنی بھی پڑھادیا جائے تو تصور کیا جاسکتا ہے کہ کیا کچھ فوائد و برکات حاصل ہوسکتے ہیں؟ یہ بچہ آگے چل کر زندگی کے جس شعبے میں جائے لیکن وہ مسجد و مکتب کا تربیت یافتہ اور مولوی صاحب کا فیض یافتہ شاگردِ رشید ہوگا۔ فتنوں کی ہوائیں اس کے ایمان و نظریات کو بگاڑ سکیں گی نہ گمراہیوں کی آندھیاں اس کے قدم ہلاسکیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دوسری سطح مساجد میں قرآنی حلقے قائم کرنے اور اس میں قرآن کریم کے الفاظ کی تصحیح کے ساتھ معانی کی تفہیم کی ہے۔ مساجد میں اگر 20 منٹ یومیہ کی بنیاد پر اسے شروع کیا جائے اور چار مہینے میں ایک لیول مکمل کیا جائے تو بآسانی سال بھر میں قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوسکتی ہے۔ اس نصاب کو فہمِ دین کورس اور سمر کیمپ کا جز بھی بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک کی چاندرات کو کورس کا تعارف کرایا جائے جو شروع میں دیا گیا ہے اور پہلی تراویح کے بعد ''بسم اللہ'' کر کے پہلا لیول شروع کردیا جائے۔ اگلے سال 15 شعبان تک اللہ نے چاہا تو بآسانی تینوں لیول مکمل ہوسکتے ہیں۔ اس طرح ہر سال یک سالہ کورس جاری رکھا جائے۔ کچھ عرصے میں پورے محلے کا ماحول تبدیل ہوسکتا ہے۔ قرآن شریف کی آیت دہراتے وقت تجوید کی صحت اور ترجمہ سمجھاتے وقت دینی ذہن سازی کا بھی خیال رکھا جائے۔ اس طرح ''ایک پنتھ دو کاج'' ہوسکتے ہیں۔ صدا لگانا فقیروں کا کام ہے۔ بات کو سمجھ کر لینا یارانِ نکتہ داں کا فرض ہے۔

(والسلام) شاہ منصور

ابتدائے شعبان: ۱۴۳۲ھ

یادگار تقریب اور منفرد کورس

(مولانا محمد اسلم شیخوپوری صاحب)

ظہرانے کا وقت تھا جب یہ ناچیز بہادر آباد میں واقع گل بہار لان پہنچا۔ یہاں تقریباً پانچ سو علماء، ائمہ مساجد اور مدرسین جمع تھے۔ ان میں سے بعض اندرونِ سندھ سے آئے تھے اور بعض کا تعلق کراچی کی مختلف مساجد اور مدارس سے تھا۔ ان میں نوجوان بھی تھے اور سفید ریش بزرگ بھی۔ یہ سب سیکھنے کے لیے آئے تھے۔ انہیں بتایا جا رہا تھا کہ ناظرہ اور حفظ کے بچوں، بالغ نمازیوں اور اسکول کالج کے نوجوانوں کو کس طرح چند ہی ماہ میں قرآنی عربی سکھائی جا سکتی ہے؟ جس کے سیکھنے کے بعد وہ نماز کے اذکار، مسنون دعاؤں اور قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے کا ابتدائی مرحلہ طے کر سکتے ہیں۔ صرف لیکچر ہی نہیں دیا جا رہا تھا، بلکہ پانچ سال سے 12 سال کی عمر تک کے بچے ان کے سامنے پیش بھی کیے جا رہے تھے جو عربی گرامر کے بنیادی قواعد ازبر کر چکے تھے اور اب پورے قرآن سے امتحان دینے کے لیے تیار تھے۔

ان میں سے دو بچوں نے خاص طور پر اپنی مہارت سے پورے مجمعے کو حیرت زدہ کر دیا۔ ان بچوں کی عمر جو کہ آپس میں چچازاد بھائی تھے، بالترتیب پانچ اور چھ سال تھی اور یہ اپنی مادری زبان بلوچی کے علاوہ کوئی دوسری زبان نہیں سمجھتے تھے، مگر قرآن کریم کا کوئی بھی لفظ دیا جائے تو اس سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں فرفر سنا سکتے تھے اور واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث کے صیغوں کی نشاندہی مخصوص اشاروں سے کرنے کی قدرت رکھتے تھے۔ بعض قارئین کے لیے ''اشاروں کے ذریعے صیغوں کی نشاندہی'' والا معاملہ بظاہر بڑا عجیب ہوگا، مگر جن حضرات نے اس کا عملی مظاہرہ دیکھا ہے وہ اس کی افادیت کے دل و جان سے قائل ہو چکے ہیں۔

اس کورس کو سیکھنے کے لیے چھ ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی بولنا، سننا، دیکھنا، سوچنا، اشارہ کرنا اور مل کر سیکھنا۔ ایک اشارہ پانچ باتوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔ تعلیم و تدریس کے محققین بتاتے ہیں کہ کوئی بھی مضمون پڑھنے سے 25 فیصد، سننے سے 35 فیصد، دیکھنے سے 50 فیصد، سوچنے سے 60 فیصد، کرنے سے 75 فیصد اور مل کر کرنے

سے 95 فیصد سبق یاد رہتا ہے جبکہ ہمارے ہاں یاد رہنے اور یاد کرنے کے سہل ترین طریقوں کو رواج دینے اور ان پر عمل کرنے سے سال بھر کا کام مہینہ دو مہینہ میں ہو سکتا ہے۔ قرآنی عربی کا سیکھنا سکھانا تین وجہ سے آسان ہے۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم کے ہزاروں الفاظ کسی نہ کسی انداز میں اردو میں پہلے سے استعمال ہوتے ہیں۔ معمولی توجہ سے ان کے معانی سمجھے جا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر سورۂ فاتحہ میں حمد، اللہ، رب، عالم، رحمٰن، رحیم، مالک، یوم، دین، عبادت، استعانت، ہدایت، صراطِ مستقیم، انعام، غضب اور ضلالت، یہ سب الفاظ اردو میں مستعمل ہیں اور حقیقی اردو بولنے والے حضرات ان کے معانی سے خوب واقف ہیں۔ علاوہ ازیں ہر مسلمان سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، معاذ اللہ، لاحول ولاقوۃ الا باللہ، استغفر اللہ اور الحمد للہ جیسے مبارک کلمات شب و روز استعمال کرتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم ہر روز پانچ بار اذان اور اقامت سنتے، شب و روز مسنون دعائیں پڑھتے اور پانچ نمازوں میں ایک گھنٹہ اپنے خالق و مالک سے عربی میں گفتگو کرتے ہیں۔ یوں عربی بول چال اور اس کے بنیادی ڈھانچے کو سمجھنے کی مشق ہوتی رہتی ہے، جس کا کسی نئی زبان کے سیکھنے اور سمجھنے میں بہت بڑا رول ہوتا ہے۔

تیسری وجہ ایمانی اور روحانی ہے۔ کسی بھی حقیقی مسلمان کو جو محبت قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے ہو سکتی ہے، وہ دنیا کی کسی دوسری زبان سے نہیں ہو سکتی۔ پھر جب اللہ کا کلام سمجھنے کے لیے یہ زبان سیکھی جائے گی تو اللہ کی مدد اور خصوصی رحمت ضرور شامل حال ہو گی۔ اس کو متعارف کرانے والے حضرات مختلف اعداد و شمار کے ذریعے ہر طالب علم کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ تھوڑی سی توجہ اور وقت دے کر وہ قرآن کریم کو سمجھنے کے قابل ہو سکتے ہیں، جو اس کے حقوق میں سے ایسا حق ہے جس کا اپنی استعداد کے مطابق ادا کرنا، مسلمان پر لازم ہے۔ مثال کے طور پر وہ بتاتے ہیں کہ قرآن کریم کے کل الفاظ 78000 ہیں۔ مکررات حذف کرنے کے بعد اصل الفاظ 17000 رہ جاتے ہیں۔ گرامر کے چند آسان قواعد سیکھنے کے بعد 4500 الفاظ بچتے ہیں۔ ساڑھے چار ہزار کے قریب الفاظ سیکھ لینے کے بعد قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ آسان اور تیز رفتار طریقے سے عربی سکھانے والے اس کورس کا آغاز حیدر آباد دکن سے ہوا۔ اب تک یہ کورس مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت دنیا کے کئی ملکوں اور شہروں میں پیش کیا جا چکا ہے اور کئی عالمی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔

انسان کی کاوش اور ایجاد کتنی ہی مفید اور جامع کیوں نہ ہو، اس میں کمی بیشی اور اصلاح کی گنجائش بہر حال ہوتی ہے۔ جامعۃ الرشید کے مایہ ناز استاد اور متعدد تخصصات کے موجد اور مجدد حضرت مفتی ابولبابہ صاحب نے اپنے

ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس کو مفید سے مفید تر بنانے میں مہینہ بھر محنت کی اور اس میں ایسے اضافے کیے جن کی وجہ سے یہ کورس زیادہ جاندار بن جائے۔ مذکورہ تقریب اسی کورس کے تعارف کے سلسلے میں منعقد کی گئی تھی۔ یہ کورس اتنا آسان اور دلچسپ ہے کہ ناظرہ اور حفظ کے معصوم بچوں کو بھی بغیر کوئی اضافی بوجھ ڈالے پڑھایا جاسکتا ہے، جبکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مدارس میں ناظرہ کے جو کل وقتی بچے ہوتے ہیں، بسا اوقات وہ اپنا سارا دن ایک یا دو سطروں کو یاد کرنے میں لگا دیتے ہیں اور درجۂ حفظ کے بچے یکسانیت سے تنگ آ کر بور ہونے لگتے ہیں۔ ان شاء اللہ یہ کورس نہ صرف ان کی بوریت دور کرے گا بلکہ ان میں نشاط پیدا کر کے ان کے وقت کو مزید کارآمد بنائے گا۔ ان بچوں میں ترجمۂ قرآن سمجھنے کی صلاحیت دیکھ کر ان نقادوں کے منہ بھی بند ہو جائیں گے، جو حفظِ قرآن پر طوطے کی طرح رٹا لگانے کی پھبتی کستے اور اسے معاذ اللہ وقت کا ضیاع قرار دیتے ہیں۔ مسجد کے عام نمازیوں کو بھی ترغیب دلا کر یہ کورس سیکھنے پر آمادہ کیا جاسکتا ہے۔ جب وہ یہ کورس پڑھ لیں تو پھر روزانہ کی بنیاد پر درسِ قرآن کا آغاز کر دیا جائے جس کا انداز محض لیکچر اور تقریر کا نہ ہو بلکہ سبق کا اسلوب ہو، جس میں حاضرین کو ایک ایک لفظ کا معنیٰ بتایا جائے۔ یہ اسلوب ان کا اندر ترجمۂ قرآن سمجھنے کی مہارت پیدا کرنے میں بڑا مؤثر ہوگا۔

ماہِ مبارک میں معتکف حضرات کو آمادہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ روزانہ ایک گھنٹہ اس کورس کے لیے مخصوص کر دیں۔ دس دنوں میں دس گھنٹے دینا کچھ بھی مشکل نہیں۔ اگر معلم نے اخلاص اور محبت کو اپنا شعار بنایا تو یہ دس گھنٹے اس کے تلامذہ میں بھی ایسا شوق اور طلب پیدا کر دیں گے کہ وہ دس گھنٹے تو کیا قرآن کے لیے دس سال وقف کرنے میں بھی خوشی محسوس کریں گے۔ گرمیوں کی تعطیلات میں کالج، یونیورسٹیوں کے طلبہ وطالبات کے سمر کیمپ میں اس کورس کا اجرا حیرت انگیز فوائد دے سکتا ہے، غرضیکہ اسے حالات کے مطابق مختلف طبقات کے لیے مختلف انداز میں متعارف کرایا جاسکتا ہے۔ یہ کورس سی ڈی کی صورت میں بھی ہے اور عنقریب کتابی شکل میں بھی منظرِ عام پر آنے والا ہے، جس کا اعلان اخبار میں کر دیا جائے گا۔ حضرت مفتی صاحب کا ارادہ ہے کہ شعبان کے مہینے میں ان شاء اللہ یہ کورس لاہور، کوئٹہ، سیالکوٹ وغیرہ ملک کے دیگر شہروں میں بھی کروائیں گے۔ خواہش مند حضرات اس نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں: 0301-3109989, 0322-2838867۔ علماء، خطبا اور مدرسین کو اس کی قدر کرنی چاہیے اور اپنی استطاعت کے مطابق اسے دنیا کے گوشے گوشے میں عام کرنا چاہیے، تاکہ قرآن کریم سے مسلمانوں کا ٹوٹا ہوا رشتہ دوبارہ بحال ہو جائے۔

8

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

9

قرآنی عربی سیکھیے

لیول:1	قواعد القرآن (ابتدائی)
لیول:2	قواعد القرآن (ثانوی)
لیول:3	الفاظ القرآن (اسماء، افعال، حروف)

10

قرآنی عربی سیکھیے

لیول:1	20اسباق
لیول:2	30اسباق
لیول:3	3حصے (قرآنی اسماء، قرآنی افعال، قرآنی حروف)

11

ناظرہ اور حفظ کے بچوں

اسکول کالج کے نوجوانوں

اور

عصری تعلیم یافتہ حضرات کے لیے

تین مرحلوں (Levels) پر مشتمل

آسان نصاب

12

نظمِ تدریس

ناظرہ کے بچوں کے لیے: ایک سے دو گھنٹے یومیہ

حفظ کے بچوں کے لیے: 20 سے 30 منٹ یومیہ

اسکول کالج کے طلبہ کے لیے: 40روزہ سمر کیمپ

عامۃ المسلمین کے لیے: روزانہ 20 منٹ، رمضان میں بعد تراویح

13

تعارف

خصوصیت، مقاصد، خلاصہ، بنیادی فلسفہ

14

کورس کی خصوصیت

سیکھنے کے 6 ذرائع

(بولنا، سننا، دیکھنا، سوچنا، اشارہ کرنا اور مل کر سیکھنا)

بیک وقت استعمال کرتے ہوئے

آسانی اور تیز رفتاری سے سیکھیے

14

کورس کے مقاصد

قرآن کریم سمجھنا آسان ہو جائے.

قرآن کریم سمجھ کر بار بار تلاوت کرنے کا شوق پیدا ہو جائے.

قرآن کریم پر عمل کرنا آسان ہو جائے.

قرآن کریم پر عمل کی دعوت دینا آسان ہو جائے.

15

کورس کا خلاصہ

اگر ہم پلان بنانے میں ناکام ہوں تو ناکامی کا پلان بنا رہے ہیں!

If we fail to plan, we plan to fail.

لہٰذا پہلے جانیے:

قرآن کریم میں کتنے الفاظ ہیں؟

دماغ کس رفتار سے نئے الفاظ کو سیکھتا ہے؟

قرآن شریف کے الفاظ سیکھنے میں کتنے دن لگیں گے؟

16

حافظی، مدنی مصحف کے

صفحات:	600
سطور (ہر صفحہ پر):	15
الفاظ (ہر سطر میں):	9
الفاظ (ہر صفحہ پر):	130

17

حافظی مدنی مصحف کے

کل الفاظ:	130 x 600	78,000
اصل الفاظ:		17,000
صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد:		4,500
مادّے:		1,850

ایک مادہ مختلف ابواب سے متعدد صیغوں میں آیا ہے۔ مثلاً:

عَلِمَ. يَعْلَمُ. عَالِمٌ. عَلَّامٌ. مَعْلُوْمٌ

اَعْلَمَ. عَلَّمَ. يُعَلِّمُ. مُعَلِّمٌ. يَتَعَلَّمُ

18

پہلے دو مرحلوں کے بعد باقی رہ جانے والے نئے الفاظ

پارہ 1: 20 ہر نئے صفحہ پر

پارہ 2 سے 5: 12 ہر نئے صفحہ پر

پارہ 6 سے 28: 6 ہر نئے صفحہ پر

پارہ 29 اور 30: 12 ہر نئے صفحہ پر

19

قرآنی اوسط: ہر صفحہ پر صرف 8 نئے الفاظ

20

پوری عربی زبان کے مقابلے میں
قرآنی عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے
کیونکہ
قرآن فہمی اور زبان سیکھنے میں
2 اہم فرق ہیں

21

فرق نمبر - 1
صرف سننے اور پڑھنے پر توجہ

		زبان سیکھنا	قرآن فہمی
لینا Reception	سننا	√	√
	پڑھنا	√	√
دینا Production	بولنا	√	- x -
	لکھنا	√	- x -

دماغ پر بوجھ کم

22

فرق نمبر — 2 نماز سے ابتدا

- قرآنی عربی اذان اور نماز سے شروع ہوتی ہے
- بس آج سے یہ کوشش کیجیے کہ ہر وہ چیز جو نماز میں آتی ہو، اس کا ایک ایک لفظ سمجھنے کی کوشش کیجیے!
- ہر مسلمان مرد، عورت، بوڑھے، جوان، یہاں تک کہ بچوں کے لیے بھی مناسب ترین ابتدا

23

کورس کا بنیادی فلسفہ

اپنے حواس کا بھرپور استعمال کیجیے
(گویائی، سماعت، بصارت، توجہ، حرکت اور اجتماعیت)
اپنے سارے حواس اور پورے وجود کا استعمال کیجیے
یہ کوئی مذاق نہیں، یہ ایک پورا نظام ہے
ابھی سے اشاروں کی مشق کیجیے تاکہ بعد میں آسانی ہو
یہ مت کہیے کہ میں بعد میں سیکھ لوں گا

24

اشاروں کے ذریعے آسانی پیدا کیجیے

قرآن کے 200 افعال اور 20 ضمائر اور حروف وغیرہ ملا کر کل 30000 سے زیادہ یعنی 40% قرآنی الفاظ سمجھاتے وقت بہت زیادہ آسانی..

ایک اشارہ 5 باتوں کے لیے کافی. مثال:

درج ذیل صیغے میں پانچ باتوں کو آپ ایک اشارے سے سمجھا سکتے ہیں

(أَنْعَمْتَ: واحد، مذکر، حاضر، ماضی مثبت)

(يُؤْمِنُونَ: جمع مذکر غائب مضارع مثبت)

25

چار اہم نکاتِ تعلیم

آپ سیکھ سکتے ہیں

قرآن سیکھنے کے لیے آپ کو دماغ لگانا پڑے گا!

اور آپ کے پاس نہایت طاقتور دماغ موجود ہے!!!

26

نکتہ - 1

دماغ میں 1000 کروڑ خلیے ہوتے ہیں

ہر خلیے کی 20,000 تک شاخیں ہوتی ہیں

گویا

بہت زیادہ گنجائش اور قوت ہے آپ کے پاس

27

نکتہ - 2

ہم بمشکل اپنا 5٪ تا 25٪ دماغ استعمال کرتے ہیں

کیوں نہ خالی حصے کو قرآنِ کریم کے لیے وقف کر دیں!

28

نکتہ - 3

آپ 60 برس کے بھی ہو جائیں تو دماغ کے صرف 3% خلیے مرتے ہیں

بھول کیوں؟ یادداشت کے قواعد کا لحاظ نہ کرنے کی وجہ سے

29

نکتہ - 4

سانس کی ورزش ضروری ۔ دماغ اور خلیوں کے لیے

زیادہ ضروری زیادہ عمر والوں کے لیے

ورنہ خلیے مرنے لگیں گے

کیوں نہ قرآن کے لئے اپنے دماغ کو ریاضت کروائیں... اس سے بہتر مقصد اور کیا ہو سکتا ہے؟

30

انسانی دماغ کی ساخت

31

دماغ کی ورزش: گہری سانس

گہری سانس ذہنی اور جسمانی تھکن کو دور کرتی ہے

خون کو صاف کرتی ہے

تناؤ کو دور کرتی ہے

ذہن کو آرام دیتی اور تازگی بخشتی ہے

صاف اور گہری سوچ میں مدد دیتی ہے

32

گہری سانس لیجیے! دماغ کو فل چارج کیجیے!!!

سانس

آکسیجن

خون

دماغ

یہ کام خاص طور پر اس وقت کیجیے جب آپ کسی چیز کو یاد کرنا شروع کر رہے ہوں یا کسی چیز کو یاد کر رہے ہوں

33

سانس لینے کے بعد: پوری توجہ دیجیے

- آنکھوں کی
- کانوں کی
- ہاتھوں کی (اشاروں سے)
- دماغ کی (کوئی اور سوچ نہ ہو)
- دل کی (بھرپور شوق اور محبت کے ساتھ)
- بدن کی (سب کے ساتھ مل کر)

توجہ

34

انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟

%25	جو ہم پڑھتے ہیں
%35	جو ہم سنتے ہیں
%50	جو ہم دیکھتے ہیں
%60	جو ہم سوچتے ہیں
%75	جو ہم کرتے ہیں
%95	جو ہم مل کر کرتے ہیں

35

انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز

بجلیاں اور تکرار

تاکہ سبق "مستقل حافظہ" (پرمننٹ میموری) میں نقش ہو جائے

36

ذہن میں جتنی بجلیاں آپ چمکائیں گے ... اتنا ہی

جلدی یاد ہو گا

دیر تک یاد رہے گا

جلدی یاد آئے گا

اجتماعی اشاروں کا یہ خاص فائدہ ہے...

37

ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟

سیکھنے کے 5 اہم طریقے ہیں اگر انہیں اجتماعی طور پر اپنایا جائے تو چھٹا طریقہ خود بخود وجود میں آجاتا ہے

1- سن کر ← آواز کان میں پڑنے سے
2- دیکھ کر ← حروف، نقوش، رنگ اور متحرک کو دیکھ کر
3- بول کر ← اپنی یا دوسروں کی آواز سننے سے
4- حرکت سے ← اشارہ کرکے
5- سوچ کر ← توجہ اور دھیان کے ساتھ
6- مل کر ← ساتھیوں کے ساتھ یک آواز ہو کر

38

سیکھنے کے 6 اہم طریقے

آسان اور تیز رفتار

سن کر
دیکھ کر
بول کر
مل کر
اشارہ کرکے
سوچ کر

39

یاد رکھنے کی بات

ہمارے ذہن کی قابلیت بہت زیادہ ہے، زیادہ تر ہم کام میں نہیں لاتے، لہٰذا:

گہری سانس لیا کیجیے

زیادہ سے زیادہ بجلیاں چمکائیے

محبت اور شوق کے ساتھ سیکھیے

95% یاد رہے گا اگر ہم مل کر پڑھیں، دیکھیں، سنیں، سوچیں اور اشارہ کریں

40

یاد کیسے رکھا جائے؟
اعادہ اور اجرا

آپ جو بھی یاد کریں، آپ بھول جائیں گے، اس لیے آپ کو اعادہ (دہرانے) کی ضرورت ہے۔

دہرانا بہت ضروری ہے۔ مگر دہرانے کے طریقے (اجرا اور مشق) کو جاننا اس سے زیادہ ضروری ہے۔

لہٰذا ہر نئے سبق سے پہلے پچھلے سبق کا اعادہ اور ہر سبق کے بعد نئے سبق کا اجرا ضروری ہے

41

قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

لِيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ	وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے (ص: 29)

42

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

263*

كِتَابٌ	كُتُبٌ

43

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

أَنْزَلْنَا ہم نے اتارا

44

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

أَنْزَلْنَا + هُ

ہم نے اتارا — اس کو

45

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

إِلَى — كَ

آپ کے — طرف

46

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

عِيدٌ مُبَارَكٌ

یہ عید آپ کے لیے برکت والی ہو

47

لِيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

لِ — تاکہ

ایک معنی

48

لِيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

لِ — يَدَّبَّرُوا

تاکہ — وہ غور کریں

49

لِّيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

382*

آيَةٌ آیت نشانی

50

لِّيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

آيَةٌ + آيَاتٌ

51

لِّيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

آيَاتِ ـهِ

نشانیاں اس کی

52

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ (ص 29)
اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

لِ تاکہ

53

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ (ص 29)
اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

وَ لِ يَتَذَكَّرَ

اور تاکہ نصیحت پکڑیں

54

لِ : تاکہ

لِ

لِّيَدَّبَّرُوْا آيَاتِهِ

وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ

55

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ (ص 29)
اور تاکہ نصیحت پکڑیں		عقل والے

أُولُوا
أُولِي

والے

43*

56

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ (ص 29)
اور تاکہ نصیحت پکڑیں		عقل والے

لُبٌّ — أَلْبَابٌ +

عقل

57

تصور دعا اور احساس کے ساتھ پڑھیں

لِّيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ (ص 29)
اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

58

تدبّر کیا اور کیسے؟

تدبر : غور کرنا

- اخبار پڑھنے کے لیے تدبر کی ضرورت نہیں
- لیکن کیا آپ سائنس کی کتاب اسی طرح پڑھ سکتے ہیں؟
- غور اسی وقت کرے گا جب وہ سمجھے

59

تدبّر اور تذکّر

- **تدبر**: غور کرنا
- **تذکّر**: نصیحت حاصل کرنا... اپنی زندگی میں اس کی باتوں پر عمل کرنا

تاکہ دنیا اور آخرت کی ساری برکتیں حاصل ہوں

60

استاد صاحب سے پڑھنے کے بعد تنہائی میں
خود سے غور کرنا بھی ضروری

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازی، نہ صاحبِ کشّاف

61

قرآن سیکھنے کا مقصد

نصیحت حاصل کرنا

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ. (القمر: 17)

بے شک آسان کر دیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے۔ پس ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟

62

نصیحت حاصل کرنے کا مطلب

ایمان اور عمل میں اضافہ

وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.
الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ. (2:8)

اور جب اللہ تعالیٰ کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو یہ ان کے ایمان میں اضافہ کرتی ہیں اور وہ اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہیں۔

یہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

63

نصیحت حاصل کرنے کی علامت

دلوں کا نرم ہونا اور آخرت کی فکر پیدا ہونا

اَللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللّٰهِ. (الزمر: 23)

اللہ وہ ذات ہے جس نے بہترین کلام نازل فرمایا ایک ایسی کتاب جس کے مضامین ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، جس کی باتیں بار بار دہرائی گئی ہیں۔ وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ کا رعب ہے وہ اس سے کانپ اٹھتے ہیں، پھر ان کے جسم اور ان کے دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔

64

قرآن سیکھتے ہوئے احتیاط کرنے اور رائے زنی سے بچنے کی ضرورت

مَنْ	قَالَ	فِي الْقُرْآنِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ
جس نے	کہا	قرآن کے بارے میں	بغیر علم کے

فَلْيَتَبَوَّأْ	مَقْعَدَهُ	مِنَ النَّارِ
پس وہ بنالے	اپنا ٹھکانہ	آگ میں

(ترمذی شریف، حدیث: 2950)

65

تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب

- اپنی رائے سے تفسیر کرنا
- قرآن کریم کو اپنے نظریات کے تابع بنانا
- قرآن کریم کو زمانے کے افکار کے تابع بنانا

66

گمراہی اور فتنوں سے بچنے کا طریقہ

- مستند علمائے کرام اور متبع سنت بزرگانِ دین کی صحبت
- ایسے لوگوں کی صحبت اور ان کے لیکچر سننے سے بچنا جو اوپر بیان کیے گئے گمراہی کے تین اسباب میں سے کسی ایک میں مبتلا ہوں

67

قرآن کا استاد کون؟

جو مستند عالم دین ہو

إِنَّ	هٰذَا	الْعِلْمَ	دِيْنٌ	فَانْظُرُوْا	عَمَّنْ	تَأْخُذُوْنَ	دِيْنَكُمْ
یقیناً	یہ	علم	دین ہے	پس دیکھ لو	کس سے	حاصل کرتے ہو	اپنا دین

(مقدمۂ مسلم شریف: ج1 ص11، حدیث:27)

68

مستند عالم کون؟

جس کے اساتذہ کا سلسلہ مستند واسطوں سے معلم قرآن صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے

اَلْإِسْنَادُ	مِنَ	الدِّيْنِ	وَلَوْلَا	اَلْإِسْنَادُ
سند	حصہ ہے	دین کا	اگر نہ ہو	سند

لَقَالَ	مَنْ	شَآءَ	مَاشَاءَ
تو کہتا پھرے	جو بھی	چاہے	جو کچھ چاہے

(مقدمۂ مسلم شریف: ج1 ص12، حدیث:33)

69

قرآن کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟

جس کا سلسلہ سند معلم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ ملتا ہو

اس نے غیر مسلم ممالک کی یونیورسٹیوں میں غیر مسلم اساتذہ یا ان کے شاگردوں سے تعلیم حاصل کی ہو اور فہم قرآن کے نام پر نئی نئی باتیں گھڑ کر امت میں انتشار پھیلاتا اور عامۃ الناس کو ان کے دین کے محافظین مستند علمائے کرام سے بدظن کرتا ہو

حدیث شریف اگلے صفحے پر

70

يَكُوْنُ	فِيْ	آخِرِ	الزَّمَانِ	دَجَّالُوْنَ	كَذَّابُوْنَ
ہوں گے	میں	آخری	زمانے	بڑے بڑے دھوکے باز	بڑے بڑے جھوٹے

يَأْتُوْنَكُمْ	مِنَ	الْأَحَادِيْثِ	بِمَا	لَمْ تَسْمَعُوْا	أَنْتُمْ
تمہارے پاس لائیں گے	ایسی	باتیں	جو	نہ سنی ہوں گی	تم نے

وَلَا آبَاؤُكُمْ	فَإِيَّاكُمْ	وَإِيَّاهُمْ	لَا يُضِلُّوْنَكُمْ	وَلَا يُفْتِنُوْنَكُمْ
اور نہ تمہارے باپ دادانے	بچ کر رہنا	ان سے	گمراہ نہ کریں تم کو	اور نہ فتنے میں ڈالیں

(مقدمۂ مسلم شریف: ج1 ص11، حدیث:17)

71

"آخری نصیحت"

قرآن سیکھنا ہے تو

(1) دعا کیجیے

بار بار... اپنے لیے اور پوری امت کے لیے

(2) ماحول بنائیے

سننے اور سنانے کا (ساتھیوں اور گھر والوں کو)

قرآنی عربی سیکھیے!
آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے
سبق
01

1

اس سبق میں

ضمائر مُنفصلہ: هُوَ، هُمْ ... هِيَ، هُنَّ...

subjective pronouns

2

قدرتی آسان

وَلَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْآنَ	لِلذِّكْرِ
اور البتہ تحقیق	ہم نے آسان کیا	قرآن کو	ذکر کے لیے

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ؟
تو کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا ؟

3

اشارے

مذکر	مؤنث
سیدھا ہاتھ	الٹا ہاتھ

واحد	تثنیہ	جمع
ایک انگلی	دو انگلیاں	چار انگلیاں

غائب	حاضر	متکلم
دائیں یا بائیں طرف	سامنے	اپنی طرف

4

اشارے

مذکر	مؤنث

واحد	تثنیہ	جمع

غائب	حاضر	متکلم

5

مذکر کی ضمیریں

هُوَ	وہ	غائب
هُمَا	وہ دو مرد	غائب
هُمْ	وہ سب مرد	غائب
أَنْتَ	آپ ایک مرد	مخاطب
أَنْتُمَا	تم دو مرد	مخاطب
أَنْتُمْ	آپ سب مرد	مخاطب
أَنَا	میں ایک مرد	متکلم
نَحْنُ	ہم سب مرد	متکلم

3065

6

نئے الفاظ جو ہم نے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے سیکھے

3065

هُوَ	481
هُمَا	116
هُمْ	2212
أَنْتَ	55
أَنْتُمَا	1
أَنْتُمْ	74
أَنَا	64
نَحْنُ	62

7

الحمدللہ! آپ نے پہلے سبق میں

مذکر کی 8 ضمیریں سیکھیں جو قرآن میں
3065 بار آئی ہیں

آپ ان الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان
پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً 78,000 بار آئے ہیں

8

قرآنی عربی سیکھئے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

سبق

02

2
اس سبق میں
واحد، تثنیہ، جمع: هُوَ مُسْلِمٌ. هُمَا مُسْلِمَانِ. هُمْ مُسْلِمُوْنَ...
Single , Dual , Plural
پہلا سبق دہرائیے
3
ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں
3065
اعادہ
غائب
مخاطب
متکلم
هُوَ وہ
هُمَا وہ دو مرد
هُمْ وہ سب مرد
أَنْتَ آپ ایک مرد
أَنْتُمَا تم دو مرد
أَنْتُمْ آپ سب مرد
أَنَا میں ایک مرد
نَحْنُ ہم سب مرد
4
واحد تثنیہ جمع
ایک دو دو سے زیادہ
مُسْلِمٌ مُسْلِمَانِ مُسْلِمُوْنَ
ایک مسلمان دو مسلمان تین یا زیادہ
5
Single واحد
مُسْلِمٌ مُؤْمِنٌ صَالِحٌ
كَافِرٌ مُشْرِكٌ مُنَافِقٌ
6
How to make Dual?
تثنیہ بنانے کا طریقہ: ان، ین بڑھائیے
+
مُسْلِمٌ مُسْلِمَانِ، مُسْلِمَيْنِ
مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَانِ، مُؤْمِنَيْنِ
7
The sound masculine plural
جمع بنانے کا طریقہ: ون، ین بڑھائیے
+
مُسْلِمٌ مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِيْنَ
مُؤْمِنٌ مُؤْمِنُوْنَ، مُؤْمِنِيْنَ

8

تثنیہ اور جمع بنانے کا طریقہ: ان، ون بڑھائیے

	+
صَالِحٌ	صَالِحَانِ، صَالِحُوْنَ
كَافِرٌ	كَافِرَانِ، كَافِرُوْنَ

9

تثنیہ اور جمع بنانے کا طریقہ: ان، ون بڑھائیے

	+
مُشْرِكٌ	مُشْرِكَانِ، مُشْرِكُوْنَ
مُنَافِقٌ	مُنَافِقَانِ، مُنَافِقُوْنَ

10

مذکر کا اشارہ کرتے ہوئے پڑھیے

هُوَ مُسْلِمٌ	وہ ایک مسلمان ہے
هُمَا مُسْلِمَانِ	وہ دونوں مسلمان ہیں
هُمْ مُسْلِمُونَ	وہ سب مسلمان ہیں
أَنْتَ مُسْلِمٌ	تو ایک مسلمان ہے
أَنْتُمَا مُسْلِمَانِ	تم دو مسلمان ہو
أَنْتُمْ مُسْلِمُونَ	آپ سب مسلمان ہیں
أَنَا مُسْلِمٌ	میں ایک مسلمان ہوں
نَحْنُ مُسْلِمُونَ	ہم سب مسلمان ہیں

11

ضمیروں کے ساتھ پڑھیے

مُؤْمِنٌ ← مُؤْمِنَانِ ← مُؤْمِنُوْنَ

صَالِحٌ ← صَالِحَانِ ← صَالِحُوْنَ

صَادِقٌ ← صَادِقَانِ ← صَادِقُوْنَ

12

ضمیروں کے ساتھ پڑھیے

كَافِرٌ ← كَافِرَانِ ← كَافِرُوْنَ

مُشْرِكٌ ← مُشْرِكَانِ ← مُشْرِكُوْنَ

مُنَافِقٌ ← مُنَافِقَانِ ← مُنَافِقُوْنَ

13

اب اس طرح کے اور الفاظ قرآنِ کریم سے تلاش کیجیے

اور انہیں ضمیروں کے ساتھ ملا کر پڑھیے

عَابِدٌ ← عَابِدَانِ ← عَابِدُوْنَ

ذَاكِرٌ ← ذَاكِرَانِ ← ذَاكِرُوْنَ

صَابِرٌ ← صَابِرَانِ ← صَابِرُوْنَ

14

واحد جمع کی مشق

practice

15

اچھے مسلمان کون؟

إِنَّ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَ	الْمُسْلِمَاتِ
بیشک	مسلمان مرد	اور	مسلمان عورتیں

وَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنَاتِ
اور	مومن مرد	اور	مومن عورتیں

16

وَ	الْقَانِتِيْنَ	وَ	الْقَانِتَاتِ
اور	فرمانبردار مرد	اور	فرمانبردار عورتیں

وَ	الصَّادِقِيْنَ	وَ	الصَّادِقَاتِ
اور	سچے مرد	اور	سچی عورتیں

وَ	الصَّابِرِيْنَ	وَ	الصَّابِرَاتِ
اور	اور صبر کرنیوالے مرد	اور	صبر کرنیوالی عورتیں

17

وَ	الْخَاشِعِيْنَ	وَ	الْخَاشِعَاتِ
اور	عاجزی کرنیوالے مرد	اور	عاجزی کرنیوالی عورتیں،

وَ	الْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَ	الْمُتَصَدِّقَاتِ
اور	صدقہ کرنیوالے مرد	اور	صدقہ کرنیوالی عورتیں

وَ	الصَّائِمِيْنَ	وَ	الصَّائِمَاتِ
اور	روزہ رکھنے والے مرد	اور	روزہ رکھنے والی عورتیں

18

وَ	الْحَافِظِيْنَ	فُرُوْجَهُمْ	وَ	الْحَافِظَاتِ
اور	حفاظت کرنے والے مرد	اپنی شرمگاہوں کی	اور	حفاظت کرنے والی عورتیں

وَ	الذَّاكِرِيْنَ	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَ	الذَّاكِرَاتِ
اور	یاد کرنے والے مرد	اللہ کو	کثرت سے	اور	یاد کرنیوالی عورتیں

أَعَدَّ	اللّٰهُ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةً	وَ	أَجْرًا	عَظِيْمًا
تیار کیا	اللہ نے	ان کے لیے	بخشش	اور	اجر	عظیم

(سورۃ الاحزاب کی آیت: 35,33)

19

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

واحد، تثنیہ، جمع سیکھا جو قرآن شریف میں ہزاروں مرتبہ آئے ہیں

آپ اس جیسے الفاظ کو قرآن کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

قرآنی عربی سیکھئے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

سبق
03

2

اس سبق میں

ضمائرِ متصلہ : هُ، هُمْ...كَ، كُمْ

objective pronouns

لیکن پہلے : اعادہ

3

اعادہ

ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں

3065

غائب	هُوَ	وہ
	هُمَا	وہ دو مرد
	هُمْ	وہ سب مرد
مخاطب	أَنْتَ	آپ ایک مرد
	أَنْتُمَا	تم دو مرد
	أَنْتُمْ	آپ سب مرد
متکلم	أَنَا	میں ایک مرد
	نَحْنُ	ہم سب مرد

4

ضمائر متصلہ
مل کر آنے والی ضمیریں
Objective Pronouns

اعادہ

مذکر

غائب	هُ	اس ایک مرد کا
	هُمَا	ان دو مردوں کا
	هُمْ	ان سب مردوں کا
مخاطب	كَ	تو ایک مرد کا
	كُمَا	آپ دونوں مردوں کا
	كُمْ	آپ سب مردوں کا
متکلم	يِ	میرا
	نَا	ہمارا

یہ ٹکڑے قرآن مجید کی تقریباً ہر سطر میں کسی دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتے ہیں

5

اضافت
دو لفظوں کو ملانا

پہلا لفظ : مضاف
دوسرا لفظ : مضاف الیہ

اردو میں علامت
کا، کی، کے

6

ضمیرِ متصل دوسرے الفاظ سے مل کر مضاف الیہ بنتی ہے

مضاف + مضاف الیہ	اردو میں علامت
رَبُّهُ	اس کا رب
كِتَابُهُ	اس کی کتاب
رَسُوْلُهُ	اس کے رسول

مضاف مضاف الیہ کے ترجمے میں کا، کی، کے آتا ہے

7

ضمیر متصل ہمیشہ دوسرے الفاظ سے مل کر آتی ہے

رَبُّهُ	اس کا رب
رَبُّهُمَا	ان دو کا رب
رَبُّهُمْ	ان سب کا رب
رَبُّكَ	آپ کا رب
رَبُّكُمَا	آپ دو کا رب
رَبُّكُمْ	آپ سب کا رب
رَبِّيْ	میرا رب
رَبُّنَا	ہمارا رب

اسم سے مل کر مضاف الیہ بنتی ہے

اضافت
دو لفظوں کو ملانا

پہلا لفظ : مضاف
دوسرا لفظ : مضاف الیہ

اردو میں علامت
کا، کی، کے

8

گردان اور ترجمہ پڑھیے اور قرآن شریف کے کسی بھی صفحے سے اس طرح کی مزید مثالیں تلاش کیجیے

دِيْنُه	رَسُوْلُه	كِتَابُه
دِيْنُهُمَا	رَسُوْلُهُمَا	كِتَابُهُمَا
دِيْنُهُمْ	رَسُوْلُهُمْ	كِتَابُهُمْ
دِيْنُكَ	رَسُوْلُكَ	كِتَابُكَ
دِيْنُكُمَا	رَسُوْلُكُمَا	كِتَابُكُمَا
دِيْنُكُمْ	رَسُوْلُكُمْ	كِتَابُكُمْ
دِيْنِي	رَسُوْلِي	كِتَابِي
دِيْنُنَا	رَسُوْلُنَا	كِتَابُنَا

9

ضمائرِ متصلہ کی مشق

10

مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ	افْتَحْ	لِيْ ✓	أَبْوَابَ	رَحْمَتِكَ ✓
اے اللہ	کھول دے	میرے لیے	دروازے	اپنی رحمت کے

11

اَللّٰهُمَّ	افْتَحْ	لِيْ ✓	أَبْوَابَ	رَحْمَتِكَ ✓
اے اللہ	کھول دے	میرے لیے	دروازے	اپنی رحمت کے

لِ + ی ← لِيْ

رَحْمَةِ + کَ ← رَحْمَتِكَ

12

مسجد سے نکلتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ ✓	أَسْئَلُكَ ✓	مِنْ	فَضْلِكَ ✓
اے اللہ	بے شک میں	سوال کرتا ہوں تجھ سے	سے	تیرے فضل کا

13

اَللّٰهُمَّ	إِنِّيْ ✓	أَسْئَلُكَ ✓	مِنْ فَضْلِكَ ✓
اے اللہ	بے شک میں	سوال کرتا ہوں تجھ سے	تیرے فضل کا

اِنِّيْ = اِنِّ ی

أَسْئَلُكَ = أَسْئَلُ كَ

فَضْلِكَ = فَضْلِ كَ

14

نئے الفاظ جو ہم نے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے سیکھے

ہٗ	اس ایک مرد کا
هُمَا	ان دو مردوں کا
هُمْ	ان سب مردوں کا
كَ	تو ایک مرد کا
كُمَا	آپ دونوں مردوں کا
كُمْ	آپ سب مردوں کا
ي	میرا
نَا	ہمارا

یہ ٹکڑے قرآن مجید کی تقریباً ہر سطر میں کسی دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتے ہیں

15

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

8 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں ہزاروں مرتبہ آئے ہیں

آپ ان الفاظ کو قرآن کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن شریف میں کل تقریباً
4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

16

قرآنی عربی سیکھیے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

سبق

04

2
اس سبق میں
6 سمتیں: ضمائر متصلہ کے ساتھ
6 Directions with Objective Pronouns
لیکن پہلے: اعادہ
3
اعادہ
ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں
3065
غائب
مخاطب
متکلم
هُوَ وہ
هُمَا وہ دو مرد
هُمْ وہ سب مرد
أَنْتَ آپ ایک مرد
أَنْتُمَا تم دو مرد
أَنْتُمْ آپ سب مرد
أَنَا میں ایک مرد
نَحْنُ ھم سب مرد
4
اعادہ
ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں
3065
غائب
مخاطب
متکلم
هُوَ وہ
هُمَا وہ دو مرد
هُمْ وہ سب مرد
أَنْتَ آپ ایک مرد
أَنْتُمَا تم دو مرد
أَنْتُمْ آپ سب مرد
أَنَا میں ایک مرد
نَحْنُ ھم سب مرد
5
ان ضمیروں سے پہلے مختلف الفاظ مل کر آتے ہیں، جیسے:
نَفْسُهُ اس کا نفس
نَفْسُهُمَا ان دو کا نفس
نَفْسُهُمْ ان سب کا نفس
نَفْسُكَ آپ کا نفس
نَفْسُكُمَا آپ دو کا نفس
نَفْسُكُمْ آپ سب کا نفس
نَفْسِي میرا نفس
نَفْسُنَا ہمارا نفس
اضافت
دو لفظوں کو ملانا
پہلا لفظ: مضاف
دوسرا لفظ: مضاف الیہ
اردو میں علامت
کا، کی، کے
پوری توجہ اور دھیان سے یوں اشارہ کیجیے گویا آپ عربوں کو سمجھا رہے ہیں۔
6
اب آپ قرآن شریف کے کسی بھی صفحے سے اس طرح کی مزید مثالیں تلاش کیجیے
عَبْدُهُ آيَتُهُ سَبِيلُهُ
عَبْدُهُمَا آيَتُهُمَا سَبِيلُهُمَا
عَبْدُهُمْ آيَتُهُمْ سَبِيلُهُمْ
عَبْدُكَ آيَتُكَ سَبِيلُكَ
عَبْدُكُمَا آيَتُكُمَا سَبِيلُكُمَا
عَبْدُكُمْ آيَتُكُمْ سَبِيلُكُمْ
عَبْدِي آيَتِي سَبِيلِي
عَبْدُنَا آيَتُنَا سَبِيلُنَا
7
147
نیا سبق
چھ سمتیں
6 Directions
أَمَام 1 آگے
36
خَلْف 22 پیچھے
فَوْق 41 اوپر
تَحْت 51 نیچے
يَمِين 24 دائیں
شِمَال 8 بائیں

8

اشاروں کے ساتھ گردان پڑھیے: پہلے بغیر ترجمے پھر ترجمے کے ساتھ

أَمَامَهُ	خَلْفَهُ	فَوْقَهُ	تَحْتَهُ	يَمِينَهُ	شِمَالَهُ
أَمَامَهُمَا	خَلْفَهُمَا	فَوْقَهُمَا	تَحْتَهُمَا	يَمِينَهُمَا	شِمَالَهُمَا
أَمَامَهُمْ	خَلْفَهُمْ	فَوْقَهُمْ	تَحْتَهُمْ	يَمِينَهُمْ	شِمَالَهُمْ
أَمَامَكَ	خَلْفَكَ	فَوْقَكَ	تَحْتَكَ	يَمِينَكَ	شِمَالَكَ
أَمَامَكُمَا	خَلْفَكُمَا	فَوْقَكُمَا	تَحْتَكُمَا	يَمِينَكُمَا	شِمَالَكُمَا
أَمَامَكُمْ	خَلْفَكُمْ	فَوْقَكُمْ	تَحْتَكُمْ	يَمِينَكُمْ	شِمَالَكُمْ
أَمَامِي	خَلْفِي	فَوْقِي	تَحْتِي	يَمِينِي	شِمَالِي
أَمَامَنَا	خَلْفَنَا	فَوْقَنَا	تَحْتَنَا	يَمِينَنَا	شِمَالَنَا

9

58

بَيْنَ يَدَيْ	خَلْف
36	22

يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ أَيْدِيهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ
وہ جانتا ہے	جو	ان کے سامنے ہے	اور جو	ان کے پیچھے ہے

لَهُ	مَا	بَيْنَ أَيْدِينَا	وَمَا	خَلْفَنَا
اسی کے لیے ہے	جو	ہمارے سامنے ہے	اور جو	ہمارے پیچھے ہے

10

بَيْنَ يَدَيْ	خَلْف
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۔ (طٰہٰ:۱۱۰)	فَزَيَّنُوا لَهُمْ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۔ (حم سجدہ:۲۵)
وہ جانتا ہے وہ بات جو ان کے آگے ہے اور جو پیچھے	انہوں نے خوشنما بنا دیا ان کے لیے اگلے اور پچھلے کاموں کو
لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ ۔ (الرعد:۱۱)	اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ ۔ (یس:۴۵)
اس کے نگران مقرر ہیں اس کے آگے اور پیچھے	بچو اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے بعد آنے کو
لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ ۔ (الاعراف:۱۷)	فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا ۔ (البقرۃ:۶۶)
میں ان پر حملہ کروں گا ان کے سامنے سے اور پیچھے سے	پھر ہم نے بنا دیا اس کو عبرت اگلے اور پچھلے لوگوں کے لیے

11

92

فَوْق	تَحْت
41	51

وَ	رَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ	الطُّورَ
اور	ہم نے اٹھایا	ان کے اوپر	طور پہاڑ کو

وَ	كَانَ	تَحْتَهُ	كَنْزٌ
اور	تھا	اس کے نیچے	خزانہ

12

فَوْق	تَحْت
يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِنْ فَوْقِهِ مَوْجٌ (النور:۴۰)	قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا (مریم:۲۴)
اسے ڈھانپ رکھا ہو ایک موج نے جس کے اوپر ایک اور موج ہو	تحقیق بنا دیا ہے تمہارے رب نے تمہارے نیچے ایک چشمہ
لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ (الزمر:۲۰)	جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ (البقرۃ:۲۵)
ان کے لیے کمرے ہوں گے جن کے اوپر اور کمرے ہوں گے	ایسے باغات، بہتی ہوں گی جن کے نیچے نہریں
لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ (المائدۃ:۶۶)	كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا (التحریم:۱۰)
تو وہ کھاتے اپنے اوپر اور اپنے پاؤں کے نیچے سے	وہ دونوں تھیں ہمارے بندوں میں سے دو بندوں کے ماتحت (نکاح میں)

13

32

يَمِين	شِمَال
24	8

كُنْتُمْ	تَأْتُونَنَا	عَنِ	الْيَمِينِ
تھے تم سب	آتے ہمارے پاس	سے	دائیں جانب

وَ	أَمَّا	مَنْ	أُوتِيَ	كِتَابَهُ	بِشِمَالِهِ
اور	بہرحال	جس کو	دیا گیا	اس کا اعمال نامہ	بائیں ہاتھ میں

14

شِمَالٌ	يَمِيْنٌ
وَأَصْحٰبُ الشِّمَالِ مَا أَصْحٰبُ الشِّمَالِ.(الواقعة:٤١)	وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ.(الكهف:١٨)
اور جو بائیں ہاتھ والے ہیں ، کیا ہیں بائیں ہاتھ والے کیا ہیں؟	اور ہم ان کو کروٹ دلواتے تھے دائیں اور بائیں
وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ .(الاعراف:١٧)	عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ .(المعارج:٣٧)
ان کے دائیں طرف سے بھی اور ان کے بائیں طرف سے بھی	دائیں طرف سے بھی اور بائیں طرف سے بھی ٹولیاں بنا بنا کر
يَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهُ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ.(النحل:٤٨)	جَنَّتَانِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ .(سبا:١٥)
جھکے رہتے ہیں ان کے سائے دائیں اور بائیں	دو باغ دائیں جانب سے اور بائیں جانب سے

15

1084

مزید چھ الفاظ

6 Locative nouns

بَيْنَ	مَعَ	حَوْلَ	عِنْدَ	بَعْدُ	قَبْلُ
266	164	16	197	199	242
درمیان	ساتھ	آس پاس	پاس	بعد	پہلے

16

اشاروں کے ساتھ گردان پڑھیے: پہلے بغیر ترجمے پھر ترجمے کے ساتھ

بَيْنَهٗ	مَعَهٗ	حَوْلَهٗ	عِنْدَهٗ	بَعْدَهٗ	قَبْلَهٗ
بَيْنَهُمَا	مَعَهُمَا	حَوْلَهُمَا	عِنْدَهُمَا	بَعْدَهُمَا	قَبْلَهُمَا
بَيْنَهُمْ	مَعَهُمْ	حَوْلَهُمْ	عِنْدَهُمْ	بَعْدَهُمْ	قَبْلَهُمْ
بَيْنَكَ	مَعَكَ	حَوْلَكَ	عِنْدَكَ	بَعْدَكَ	قَبْلَكَ
بَيْنَكُمَا	مَعَكُمَا	حَوْلَكُمَا	عِنْدَكُمَا	بَعْدَكُمَا	قَبْلَكُمَا
بَيْنَكُمْ	مَعَكُمْ	حَوْلَكُمْ	عِنْدَكُمْ	بَعْدَكُمْ	قَبْلَكُمْ
بَيْنِيْ	مَعِيْ	حَوْلِيْ	عِنْدِيْ	بَعْدِيْ	قَبْلِيْ
بَيْنَنَا	مَعَنَا	حَوْلَنَا	عِنْدَنَا	بَعْدَنَا	قَبْلَنَا

17

441

بَعْدُ	قَبْلُ
بعد	پہلے
199	242

مِنْ قَبْلِكَ	أُنْزِلَ	مَا	وَ
تم سے پہلے	اتارا گیا	جو	اور

مَوْتِهَا	بَعْدَ	اللهُ	هٰذِهِ	يُحْيِيْ	أَنّٰى
اس کی موت کے	بعد	اللہ	اس کو	زندہ کرے گا	کیسے

18

بَعْدُ	قَبْلُ
ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ . (البقرة:٥٢)	كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ . (البقرة:١٨٣)
پھر ہم نے معاف کر دیا تمہیں اس کے بعد	جیسا کہ فرض کیا گیا ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے
مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ؟ (البقرة:١٣٣)	كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا. (البقرة:٢٨٦)
کس کی عبادت کرو گے تم میرے بعد؟	جیسا کہ آپ نے ڈالا تھا ان لوگوں پر جو ہم سے پہلے تھے
فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ. (طه:٨٥)	لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ. (الروم:٤)
پھر ہم نے آزمائش میں ڈال دیا تمہاری قوم کو تمہارے بعد	اللہ ہی کا ہے سارا اختیار پہلے بھی اور بعد میں بھی

19

213

حَوْلَ	عِنْدَ
آس پاس	پاس
16	197

بَاقٍ	عِنْدَ اللهِ	مَا	وَ	يَنْفَدُ	عِنْدَكُمْ	مَا
باقی رہے گا	اللہ کے پاس ہے	جو	اور	ختم ہو جائے گا	تمہارے پاس ہے	جو

حَوْلَهٗ	مَا	أَضَاءَتْ	لَمَّا	فَ
اس کے آس پاس تھا	جو	اس نے روشن کر دیا	جب	پھر

20

عِنْدَ	حَوْلَ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللهِ. (البقرة:١١٠)	مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ. (التوبة:١٢٠)
تم پاؤ گے اس کو اللہ کے پاس	مناسب نہیں ہے مدینہ والوں کے لیے اور جو ان کے آس پاس تھے
لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا. (آل عمران:١٥٦)	وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِنَ الْقُرٰى. (الاحقاف:٢٧)
اگر وہ ہوتے ہمارے پاس تو نہ مرتے	اور یقیناً ہم نے تباہ کر ڈالا جو تمہارے آس پاس تھیں بستیاں
هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ. (النساء:٧٨)	إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِيْ بَارَكْنَا حَوْلَهٗ. (الاسراء:١)
یہ تمہارے پاس سے ہے	مسجد اقصیٰ کی طرف جس کے آس پاس ہم نے برکت دی ہے

21

430

مَعَ	بَيْنَ
ساتھ	درمیان
164	266

لَا	تَحْزَنْ	إِنَّ	اللهَ	مَعَنَا
نہ	غم کرو	بے شک	اللہ	ہمارے ساتھ ہے

تَعَالَوْا	إِلٰى	كَلِمَةٍ	سَوَاءٍ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ
آجاؤ	طرف	ایسی بات کے	جو یکساں ہے	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان

22

مَعَ	بَيْنَ
إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ. (البقرة:١٥٣)	فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ. (ص:٢٦)
بے شک اللہ ساتھ ہے صبر کرنے والوں کے	لہٰذا تم فیصلے کرو لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ
لَا تَخَافَا إِنَّنِيْ مَعَكُمَا. (طه:٤٦)	هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ. (الكهف:٧٨)
تم دونوں ڈرو نہیں! بے شک میں تمہارے ساتھ ہوں	یہ جدائی کا وقت ہے میرے اور آپ کے درمیان
إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا. (الشرح:٦)	فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا. (الحجرات:٩)
بے شک ساتھ ہے تنگی کے آسانی	پس صلح کرواؤ ان دونوں کے درمیان

23

ضمائرِ متصلہ کی مشق

Practice

24

تہجد کے وقت پڑھنے کی دعا

- اس دعا کے الفاظ مختلف روایات میں آئے ہیں۔
- ترجمہ سمجھیے اور جو لفظ جانا پہچانا معلوم ہوتا ہے اس کی پوری گردان پڑھیے۔

25

تہجد کے وقت پڑھنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ	اجْعَلْ	فِيْ قَلْبِيْ	نُوْرًا
اے اللہ	پیدا کردے	میرے دل میں	نور

وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا	وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا	وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا
اور میری زبان میں نور	اور میرے کانوں میں نور	اور میری آنکھوں میں نور

26

اَللّٰھُمَّ	اجْعَلْ	فِيْ قَلْبِيْ	نُوْرًا
اے اللہ	پیدا کر دے	میرے دل میں	نور

27

اَللّٰھُمَّ	اجْعَلْ	فِيْ قَلْبِيْ	نُوْرًا
اے اللہ	پیدا کر دے	میرے دل میں	نور

- دل میں نور: نیک خیالات اور نیک نیتوں کی پرورش ہو
- ہر عمل کی ابتدا نیت سے اور اس کا مقام دل!
- سب سے اہم دل، یہ سدھر جائے تو سارا جسم صحیح

28

وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا	وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا	وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا
اور میری زبان میں نور	اور میرے کانوں میں نور	اور میری آنکھوں میں نور

وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا	وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا	وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا
اور میری زبان میں نور	اور میرے کانوں میں نور	اور میری آنکھوں میں نور

وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا	وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا	وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا
اور میری زبان میں نور	اور میرے کانوں میں نور	اور میری آنکھوں میں نور

29

وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا	وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا	وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا
اور میری زبان میں نور	اور میرے کانوں میں نور	اور میری آنکھوں میں نور

زبان میں نور: ذکر اور فائدہ مند باتیں ہی نکلیں، کوئی غیبت، غلط بات نہ نکلے

کانوں میں نور: ہر بات کا اچھا پہلو چھوٹنے نہ پائے، بری بات سننے پر گرانی محسوس ہو

آنکھوں میں نور: وہی چیز دیکھوں جو اللہ کو محبوب ہو، اللہ کی آیات سے عبرت حاصل کروں، قرآن خوب پڑھوں، بری چیزوں کی طرف نگاہ نہ جائے

30

وَمِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا	وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا
اور میرے اوپر سے نور	اور میرے نیچے سے نور

وَعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا	وَعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا
اور میرے دائیں جانب سے نور	اور میرے بائیں جانب سے نور

31

وَمِنْ فَوْقِيْ	نُوْرًا	وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا
اور میرے اوپر سے	نور	اور میرے نیچے سے نور

besturdubooks.wordpress.com
قرآنی عربی سیکھئے!
32
وَمِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا
اور میرے اوپر سے نور
وَمِنْ تَحْتِیْ
اور میرے نیچے سے
نُوْرًا
نور
33
وَعَنْ یَمِیْنِیْ
اور میرے دائیں جانب سے
نُوْرًا
نور
وَعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا
اور میرے بائیں جانب سے نور
34
وَعَنْ یَمِیْنِیْ نُوْرًا
اور میرے دائیں جانب سے نور
وَعَنْ شِمَالِیْ
اور میرے بائیں جانب سے
نُوْرًا
نور
35
وَمِنْ أَمَامِیْ نُوْرًا
اور میرے آگے سے نور
وَمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا
اور میرے پیچھے سے نور
وَاجْعَلْ
اور پیدا کردے
فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا...
میرے نفس میں نور۔
36
وَمِنْ أَمَامِیْ
اور میرے آگے سے
نُوْرًا
نور
وَمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا
اور میرے پیچھے سے نور
أَمَام
امام صاحب اَمام ہوتے ہیں
37
وَمِنْ أَمَامِیْ نُوْرًا
اور میرے آگے سے نور
وَمِنْ خَلْفِیْ
اور میرے پیچھے سے
نُوْرًا
نور
خَلْف
خلیفہ یعنی نائب پیچھے ہوتا ہے
حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پہلے خلیفۃ الرسول (ﷺ) تھے

38

وَاجْعَلْ	فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا...
اور پیدا کر دے	میرے نفس میں نور

39

وَمِنْ أَمَامِيْ نُوْرًا	وَمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا
اور میرے آگے سے نور	اور میرے پیچھے سے نور

وَاجْعَلْ	فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا...
اور پیدا کر دے	میرے نفس میں نور۔

گویا باہر طرف سے ہدایت ملے اور میرے نفس میں بھی نور بھر دے (اندر سے بھی اور باہر سے بھی)

اور شیطان کو کسی جانب سے بھی حملہ کرنے کا موقع نہ رہے۔ (یاد رکھیے شیطان کا چیلنج کہ میں اس کے دائیں بائیں سے اور سامنے اور پیچھے سے آؤں گا)

40

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

12 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں 1231 مرتبہ آئے ہیں

آپ ان الفاظ کو قرآنِ کریم کی آیتوں میں تلاش کر کے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

41

قرآنی عربی سیکھئے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

سبق
05

قرآنی عربی سیکھیے!
2
اس سبق میں
مزید الفاظ : ضمائر متصلہ کے ساتھ
6 useful words
لیکن پہلے : اعادہ
3
ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں
3065
اعادہ
غائب
مخاطب
متکلم
هُوَ وہ
هُمَا وہ دو مرد
هُمْ وہ سب مرد
أَنْتَ آپ ایک مرد
أَنْتُمَا تم دو مرد
أَنْتُمْ آپ سب مرد
أَنَا میں ایک مرد
نَحْنُ ہم سب مرد
4
ضمائر متصلہ
مل کر آنے والی ضمیریں
Objective Pronouns
مذکر
اعادہ
غائب
مخاطب
متکلم
ہٗ اس ایک مرد کا
هُمَا ان دو مردوں کا
هُمْ ان سب مردوں کا
كَ تو ایک مرد کا
كُمَا آپ دونوں مردوں کا
كُمْ آپ سب مردوں کا
ي میرا
نَا ہمارا
یہ ٹکڑے قرآن مجید کی تقریباً ہر سطر میں کسی دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتے ہیں
5
ان ضمیروں سے پہلے مختلف الفاظ مل کر آتے ہیں ، جیسے :
نَفْسُهٗ اس کا نفس
نَفْسُهُمَا ان دو کا نفس
نَفْسُهُمْ ان سب کا نفس
نَفْسُكَ آپ کا نفس
نَفْسُكُمَا آپ دو کا نفس
نَفْسُكُمْ آپ سب کا نفس
نَفْسِيْ میرا نفس
نَفْسُنَا ہمارا نفس
اضافت
دو لفظوں کو ملانا
پہلا لفظ : مضاف
دوسرا لفظ : مضاف الیہ
اردو میں علامت
کا ، کی ، کے
پوری توجہ اور دھیان سے یوں اشارہ کیجیے گویا آپ عربوں کو سمجھا رہے ہیں۔
6
اب آپ قرآن شریف کے کسی بھی صفحے سے اس طرح کی مزید مثالیں تلاش کیجیے
عَبْدُهٗ آيَتُهٗ سَبِيْلُهٗ
عَبْدُهُمَا آيَتُهُمَا سَبِيْلُهُمَا
عَبْدُهُمْ آيَتُهُمْ سَبِيْلُهُمْ
عَبْدُكَ آيَتُكَ سَبِيْلُكَ
عَبْدُكُمَا آيَتُكُمَا سَبِيْلُكُمَا
عَبْدُكُمْ آيَتُكُمْ سَبِيْلُكُمْ
عَبْدِيْ آيَتِيْ سَبِيْلِيْ
عَبْدُنَا آيَتُنَا سَبِيْلُنَا
7
نیا سبق
مزید چھ الفاظ
6 useful words
779
دُوْنَ 144 بغیر
لَدَى 22 پاس
كُلّ 374 پورا
بَعْض 157 کچھ
أَقَلّ 2 بہت کم
أَكْثَر 80 بہت زیادہ

8

اشاروں کے ساتھ گردان پڑھیے: پہلے بغیر ترجمے پھر ترجمے کے ساتھ

دُوْنَه	لَدَيْهِ
دُوْنَهُمَا	لَدَيْهِمَا
دُوْنَهُمْ	لَدَيْهِمْ
دُوْنَكَ	لَدَيْكَ
دُوْنَكُمَا	لَدَيْكُمَا
دُوْنَكُمْ	لَدَيْكُمْ
دُوْنِيْ	لَدَيَّ
دُوْنَنَا	لَدَيْنَا

كُلُّه	بَعْضُه
كُلُّهُمَا	بَعْضُهُمَا
كُلُّهُمْ	بَعْضُهُمْ
كُلُّكَ	بَعْضُكَ
كُلُّكُمَا	بَعْضُكُمَا
كُلُّكُمْ	بَعْضُكُمْ
كُلِّيْ	بَعْضِيْ
كُلُّنَا	بَعْضُنَا

اَقَلُّه	اَكْثَرُه
اَقَلُّهُمَا	اَكْثَرُهُمَا
اَقَلُّهُمْ	اَكْثَرُهُمْ
اَقَلُّكَ	اَكْثَرُكَ
اَقَلُّكُمَا	اَكْثَرُكُمَا
اَقَلُّكُمْ	اَكْثَرُكُمْ
اَقَلِّيْ	اَكْثَرِيْ
اَقَلُّنَا	اَكْثَرُنَا

9

166

دُوْنَ	لَدَى
بغیر	پاس
144	22

وَ	اُدْعُوْا	مَنِ اسْتَطَعْتُمْ	مِنْ دُوْنِ اللهِ
اور	پکارو	جسے پکار سکو	اللہ کے علاوہ

وَ	اَلْفَيَا	سَيِّدَهَا	لَدَى الْبَابِ
اور	پایا ان دونوں نے	اس کے شوہر کو	دروازے کے پاس

10

دُوْنَ	لَدَى
بغیر، علاوہ، سوا	پاس

دُوْنَ	لَدَى
وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتَانِ. (الرحمٰن : ۶۲)	وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ. (الكهف: ۹۱)
اور ان دو کے علاوہ دو باغ اور ہوں گے	اور تحقیق ہم نے احاطہ کیا تھا جو اس کے پاس تھا
اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا. (الاسراء: ۲)	وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ. (آل عمران : ۴۴)
کہ تم نہ بناؤ میرے سوا کسی اور کو کارساز	اور تم نہیں تھے ان کے پاس جب وہ اختلاف کر رہے تھے
كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ. (النحل : ۸۶)	مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ. (ق : ۲۹)
ہم پکارتے تھے تیرے بغیر	نہیں بدلی جا سکتی بات میرے پاس

11

531

كُلٌّ	بَعْضٌ
سب	کچھ
374	157

كُلٌّ	قَدْ	عَلِمَ	صَلَاتَه	وَتَسْبِيْحَه
سب نے	یقیناً	جان لیا	اپنی نماز	اور اپنی تسبیح

بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ
تم میں سے بعض	دوسرے بعض کے	دشمن ہوں گے

12

كُلٌّ	بَعْضٌ
اِنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (البقرة : ۲۰)	وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ. (البقرة: ۷۶)
بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے	اور جب تنہا ہوتے ہیں ان میں سے بعض بعض کے ساتھ
اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّه لِلّٰهِ. (آل عمران : ۱۵۴)	وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا. (آل عمران: ۶۴)
بے شک حکم تو سارے کا سارا اللہ کا ہے	اور نہ بنائیں ہم میں سے بعض بعض کو رب
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا. (البقرة : ۳۱)	فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا. (البقرة: ۲۸۳)
اور (اللہ نے) سکھا دیے آدم کو نام سارے کے سارے	اگر مطمئن ہو تم میں سے بعض دوسرے بعض سے

13

82

اَقَلّ	اَكْثَر
بہت کم	بہت زیادہ
2	80

أَنَا	أَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا
میں	بہت کم ہوں	تم سے	مال میں

بَلْ	أَكْثَرُهُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ
بلکہ	ان میں سے اکثر	نہیں	جانتے

14

اَقَلُّ	اَكْثَرُ
اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا. (الکهف: ٣٩)	فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ. (النساء: ١٢)
میں کم ہوں تم سے مال اور اولاد کے لحاظ سے	اور اگر وہ زیادہ ہوں اس سے
مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا. (الجن: ٢٤)	وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ. (المائدة: ٥٩)
کون زیادہ کمزور ہے مددگار کے اعتبار سے اور کم ہے تعداد میں	اور بے شک تم میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں
....	بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ. (البقرة: ١٠٠)
....	بلکہ ان میں سے اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے

15

(171)

چھ مشہور رشتے

6 well-known relations

اَبٌ	اُمٌّ	اِبْنٌ	بِنْتٌ	اَخٌ	اُخْتٌ
46	21	40	2	53	9
باپ	ماں	بیٹا	بیٹی	بھائی	بہن

16

اشاروں کے ساتھ گردان پڑھیے: پہلے بغیر ترجمے پھر ترجمے کے ساتھ

اَبُوْهُ	اُمُّهٗ	اِبْنُهٗ	بِنْتُهٗ	اَخُوْهُ	اُخْتُهٗ
اَبُوْهُمَا	اُمُّهُمَا	اِبْنُهُمَا	بِنْتُهُمَا	اَخُوْهُمَا	اُخْتُهُمَا
اَبُوْهُمْ	اُمُّهُمْ	اِبْنُهُمْ	بِنْتُهُمْ	اَخُوْهُمْ	اُخْتُهُمْ
اَبُوْكَ	اُمُّكَ	اِبْنُكَ	بِنْتُكَ	اَخُوْكَ	اُخْتُكَ
اَبُوْكُمَا	اُمُّكُمَا	اِبْنُكُمَا	بِنْتُكُمَا	اَخُوْكُمَا	اُخْتُكُمَا
اَبُوْكُمْ	اُمُّكُمْ	اِبْنُكُمْ	بِنْتُكُمْ	اَخُوْكُمْ	اُخْتُكُمْ
اَبِيْ	اُمِّيْ	اِبْنِيْ	بِنْتِيْ	اَخِيْ	اُخْتِيْ
اَبُوْنَا	اُمُّنَا	اِبْنُنَا	بِنْتُنَا	اَخُوْنَا	اُخْتُنَا

17

(67)

اَبٌ	اُمٌّ
باپ	ماں
46	21

يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ	مِنْ	أَخِيْهِ ✓
جس دن	بھاگے گا	آدمی	سے	اس کے بھائی

وَأُمِّهٖ ✓	وَأَبِيْهِ ✓	وَصَاحِبَتِهٖ ✓	وَبَنِيْهِ ✓
اور اس کی ماں	اور اس کا باپ	اور اس کی بیوی	اور اس کے بیٹے

18

اَبٌ	اُمٌّ
اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ. (یوسف: ٨)	وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ. (المائدة: ٧٥)
بے شک ہمارے والد کسی کھلی غلط فہمی میں ہیں	اور ان کی ماں صدیقہ تھیں
مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ. (مریم: ٢٨)	وَمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا. (مریم: ٢٨)
نہیں تھا تمہارا باپ کوئی برا آدمی	اور نہ تھی تمہاری ماں کوئی بدکار عورت
وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ. (القصص: ٢٣)	وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى. (القصص: ٧)
اور ہمارے والد بہت بوڑھے آدمی ہیں	اور ہم نے الہام کیا موسیٰ کی والدہ کو

19

(42)

اِبْنٌ	بِنْتٌ
بیٹا	بیٹی
40	2

مَا	الْمَسِيْحُ	ابْنُ ✓	مَرْيَمَ	إِلَّا	رَسُوْلٌ
نہیں	مسیح	بیٹے	مریم کے	مگر	رسول

وَ	مَرْيَمَ	ابْنَتَ ✓	عِمْرَانَ
اور	مریم	بیٹی	عمران کی

20

اِبْنٌ	بِنْتٌ
إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ. (یوسف:۸۱)	أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ. (القصص:۲۷)
یقیناً آپ کے بیٹے نے چوری کی تھی	کہ میں نکاح کر دوں تمہارا ان دو لڑکیوں میں سے ایک کے ساتھ
رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي. (هود:۴۵)	وَخَرَقُوا لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ. (الانعام:۱۰۰)
اے میرے پروردگار! میرا بیٹا میرے گھر کا ایک فرد ہے	اور تراش لیں اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں
وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ. (لقمان:۱۳)	هَؤُلَاءِ بَنَاتِي. (هود:۷۸)
اور جب کہا تھا لقمان نے اپنے بیٹے کو	یہ میری بیٹیاں ہیں

21

62

اَخٌ	اُخْتٌ
بھائی	بہن
53	9

وَ	لَهُ	اَخٌ	اَوْ	اُخْتٌ
اور	اس کا	بھائی	یا	بہن

يَا	اُخْتَ	هَارُوْنَ
اے	بہن	هارون کی

22

اَخٌ	اُخْتٌ
فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا. (یوسف:۶۳)	إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ. (طه:۴۰)
لہذا آپ بھیج دیجیے ہمارے ساتھ ہمارا بھائی	(اس وقت کو تصور کرو) جب چلتی تھی تمہاری بہن
فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ. (البقرة:۱۷۸)	وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيهِ. (القصص:۱۱)
پس جسے معاف کر دیا جائے اس کے بھائی کی طرف سے	اور کہا اس کی بہن سے کہ سراغ لگاؤ اس کا
الَّذِينَ قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ. (ال عمران:۱۶۸)	وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ. (النساء:۲۳)
وہ لوگ جنہوں نے کہا اپنے بھائیوں سے	اور یہ کہ تم جمع کرو دو بہنوں کو (نکاح میں)

23

الحمدللہ! آپ نے اس سبق میں

12 نئے الفاظ سیکھے جو قرآن شریف میں **950** مرتبہ آئے ہیں

آپ ان الفاظ کو قرآن کریم کی آیتوں میں تلاش کرکے پوری گردان پڑھیں اور متعلقہ لفظ کا صحیح معنی صحیح اشارے کے ساتھ بتائیں

قرآن میں کل تقریباً

4,500 الفاظ ہیں جو تقریباً **78,000** بار آئے ہیں

24

قرآنی عربی سیکھئے!

آسان ترین اور تیز رفتار طریقے سے

سبق

06

2
اس سبق میں
مؤنث کی ضمیریں اور جمع
Pronouns of feminine and it's sound plural
لیکن : پہلے اعادہ ضروری ہے
3
ضمائر منفصلہ
الگ آنے والی ضمیریں
3065
اعادہ
غائب
مخاطب
متکلم
هُوَ وہ
هُمَا وہ دو مرد
هُمْ وہ سب مرد
أَنْتَ آپ ایک مرد
أَنْتُمَا تم دو مرد
أَنْتُمْ آپ سب مرد
أَنَا میں ایک مرد
نَحْنُ ہم سب مرد
4
ضمائر متصلہ
مل کر آنے والی ضمیریں
Objective Pronouns
اعادہ
مذکر
غائب
مخاطب
متکلم
هٗ اس ایک مرد کا
هُمَا ان دو مردوں کا
هُمْ ان سب مردوں کا
كَ تو ایک مرد کا
كُمَا آپ دونوں مردوں کا
